Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(نمبر ۱) مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۸ رمضان المبارک ۱۳۵۳ھ مطابق ۵ جنوری سنہ ۱۹۳۵ء (جلد ۳۴)

حصہ دوئم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

(۱)	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲ و ۳	۵	نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ	۷
(۲)	" " صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۴	۶	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۸ و ۹
(۳)	" " صاحب ہوم منسٹر بہادر	۵			
(۴)	روبکار " صاحب چیف جسٹس بہادر	۶	۷	نقشہ نرخنامہ اجناس۔	۱۰

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

۲ر جنوری ۱۹۳۵ء

مثل تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی فضل محمود صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹور موٹر گراج ایک ماہ از یوم استفادہ مصدقہ دفتر اکاؤنٹنٹ آفس بذمہ داری کام بابو کریم الدین صاحب موٹر انجینیر۔

حکم

حسب تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر فضل محمود صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹور موٹر گراج کی رخصت رعایتی ایک ماہ از یوم استفادہ منظور ہے بابو کریم الدین صاحب موٹر انجینیر کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

مستقلی

۲ر جنوری ۱۹۳۵ء

رامپور ریس کو الیفائڈ دستیاب ہونے کے باعث میڈیکل ڈپارٹمنٹ کے لئے باتفاق رائے سروس سلکشن بورڈ۔ کونسل انتظامیہ کے بحکم ۱۰ر اگست ۱۹۳۳ء ڈاکٹر رحمت اللہ باشندہ ضلع بجنور تقرر بمشاہرہ [illegible] روپیہ بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن بہ تین ماہ منظوری ہوئی تھی جسکی مدت ۵ر دسمبر ۱۹۳۴ء کو ختم ہوگئی صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر ان کے کام سے مطمئن رہے۔ اور انکی مستقلی کے لئے رپورٹ کی ہے۔ لہذا حسب تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر ڈاکٹر رحمت اللہ خاں کو بہ تنخواہ موجودہ بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن۔ ۶ر دسمبر ۱۹۳۴ء سے مستقل کیا جانا منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
مسل [illegible] واپس محافظخانہ ہو۔

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

برآمدگی تنخواہ

حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر رقم تنخواہ ایام کارکردگی من ابتدائے ۲۰ر جولائی لغایت ۱۴ر اگست ۱۹۳۴ء بحساب [illegible] روپیہ ماہوار عبدالرحیم خاں سربراہ کار تحصیل بلاسپور کو باندراج تتمہ برآمد و حسب ضابطہ دیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔
مسل سررشتہ [illegible] واپس محافظخانہ ہو۔

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

مثل کاغذات تحریر صاحب چیف جسٹس بہادر دربارہ منظوری رخصت نو یوم رعایتی من ابتدائے ۹ر جنوری ۱۹۳۵ء منشی فیاض علیخاں صاحب

اسپیشل مجسٹریٹ بذمہ داری کام صاحب
چیف مجسٹریٹ مصدقہ دفتر اکاونٹنٹ آفس

حکم

حسب تحریر صاحب چیف جسٹس بہادر منشی فیاض علی
خاں صاحب اسپیشل مجسٹریٹ کی رخصت رعایتی نو یوم
من ابتدائے ۹ ؍ جنوری ۱۹۲۵ء منظور ہے ایام
رخصت میں چیف مجسٹریٹ صاحب کام کے ذمہ دار
رہیں گے بسر رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری
ہوں۔

دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

منسوخی رخصت

بشنہ رپورٹ نائب رجسٹرار قانونگوئے حضور تحصیل بدیں خلاصہ کہ گنزیں کی رخصت رعایتی تین ہفتہ از یوم استفادہ منظور فرمائی گئی تھی۔ ۵ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء سے مستفید ہو کر آج بتاریخ ۲۰ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء حاضر ڈیوٹی ہو گیا۔ لہذا بقیہ رخصت منسوخ فرمائی جاوے مصدقہ تحصیلدار صاحب مع نائب ناظم صاحب حلقہ جنوبی۔

حکم

نائب رجسٹرار قانونگوئے حضور تحصیل کی بقیہ رخصت منسوخ کیجائے۔ احکام منسوخی رخصت صدر سے جاری ہوں

۳۰ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء

دستخط فار صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۳۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء

بشنہ یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی بابتہ منظوری رخصت رعایتی پندرہ یوم محمد ابراہیم ضلعدار تحصیل بلاسپور مشاہرہ یابٹ عہ چھبیس روپیہ از ۱۵ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء۔ مصدقہ اکاونٹنٹ جنرل صاحب۔

حکم

رخصت مطلوبہ منظور ہے احکام جاری ہوں

دستخط فار صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۲ جنوری سنہ ۱۹۳۵ء

بشنہ یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی بابتہ منظوری رخصت ایکماہ محمد شاہجہاں ضلعدار حلقہ کشن پور رولاگڈہ تحصیل سوار مشاہرہ یابٹ للعہ دفتر بجائش عزیز الرحمن خاں بشاہرہ عہ پر بنا درخواست محمد شاہجہاں مذکور بابتہ عارضہ تبادلہ نور بوجہ ناموافقت آب و ہوا۔

حکم

منشی محمد شاہجہاں ضلعدار حلقہ کشن پور رولاگڈہ کو بوجہ علالت رخصت ایکماہ آج کی تاریخ سے بوض منشی عزیز الرحمن خاں منظور کیجاتی ہے۔ تنخواہ کا تصفیہ عقب سے ہوگا۔ احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں۔ (دستخط فار صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

رخصت

۲ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

بشنہ یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی بابتہ منظوری رخصت عایتی مزید ۱۵ ایام منشی رشید علیخاں نائب تحصیلدار نوآبادی بلاسپور مشاہرہ یابٹ للعہ از ۱۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء مصدقہ اکاونٹنٹ جنرل صاحب

حکم

بسلسلہ رخصت سابقہ پندرہ یوم رعایتی رخصت ۱۱ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء سے نائب تحصیلدار نوآبادی کی منظور ہے احکام جاری ہوں

(دستخط فار صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

احکام اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۲۹ دسمبر ۱۹۳۴ء

مثنہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس درباره منظوری رخصت مزید ۱۵ یوم بشیر احمد مدرس مدرسہ ملک خانم تحصیل سوار بمشاہرہ دار عہ ماہوار بسلسلہ سابقہ در بانتظام موجودہ از ۱۶ دسمبر لغایت ۳۰ دسمبر ۱۹۳۴ء مصدقہ جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب۔

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس و تصدیق سررشتہ اکاؤنٹنٹ جنرل بشیر احمد مدرس تنخواہ دار تیرہ روپیہ عہ ماہوار کی رخصت بیماری بوضع نصف تنخواہ ۱۶ لغایت ۳۰ دسمبر ۱۹۳۴ء برائے پندرہ یوم بموجب سفارش ڈاکٹر منظور ہے۔ ایام رخصت میں رام گوپال عوض خدمت انجام دے گا۔ لہذا بقیہ نصف تنخواہ رام گوپال کو دیجائیگی سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۲۹ دسمبر ۱۹۳۴ء

مثنہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس درباره منظوری رخصت ۵ یوم سید مقبول حسین مدرس مدرسہ موناگو تحصیل بلاسپور بعوض عبدالوحید امیدوار مصدقہ جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب۔

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس و تصدیق سررشتہ اکاؤنٹنٹ جنرل مقبول حسین مدرس تنخواہ دار تیرہ روپیہ عہ ماہوار کی رخصت پانچ یوم ۱۸ لغایت ۲۲ دسمبر ۱۹۳۴ء بتعین عوض مسمی عبدالوحید منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۲۹ دسمبر ۱۹۳۴ء

مثنہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس درباره منظوری رخصت دو یوم بوضع تنخواہ محمد ولی خاں مدرس اول مدرسہ تحصیل سوار۔

حکم

بموجب رپورٹ محمد ولی خاں مدرس اول کی رخصت مزید دو یوم ۱۵ و ۱۶ دسمبر ۱۹۳۴ء بوضع تنخواہ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

روبکار اجلاس جناب چیف جسٹس بہادر

واقعہ ۲۴ر دسمبر ۱۹۳۴ء

بسلسلہ نگرانی اشتیاق علی وگوپی ناتھ ملزمان سرکار بنام کشن لال مستغیث زیر دفعہ ۔ الزام دفعہ ۵ تعزیرات اور تجویز عدالت اسپیشل مجسٹریٹی نمبری ۹۴ مورخہ ۳ر اکتوبر ۱۹۳۴ء ہم نے ملاحظہ کی۔ اس تجویز میں صاحب موصوف نے ایک فقرہ یہ تحریر کیا ہو کہ اوس کا (اشتیاق علی ملزم کا) شریک جرم ہونا بہی اس وجہ سے علاوہ شہادت ثبوت کے اور زیادہ قابل یقین ہے کہ مسلمان پٹھان ہی" ہمارے نزدیک یہ فقرہ ایک عدالت کے قلم سے فیصلہ میں لکہا جانا ایک ایسا امر ہے جو قانوناً اور انصافاً ناروا ہے قانون خاص حالات میں عدالتوں کو اجازت دیتا ہے کہ فریقین کے طرز عمل سے چند ایک قیاس قائم کرسکیں لیکن قانوناً و انصافاً کسی شخص کے خلاف اوسکا پٹھان یا مسلمان یا ہندو یا برہمن ہونا ثبات جرم کے لئے دلیل نہیں ہوسکتا اور ہم توقع رکہتے ہیں کہ آیندہ کسی عدالتی معاملات میں عدالتوں کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانے کی ضرورت نہوگی - ترازوے انصاف بلا لحاظ مذہب و ملت یا ذات پات کے استعمال ہونا چاہیے - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا واسطے اطلاع وہدایت جملہ عدالتوں کے اندراج گزٹ کیلئے مطبع سرکاری کو مرسل ہو اصل روبکار شریک فائل کیجائے ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

(اجلاس جناب چیف جسٹس صاحب)

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتدا ۲۹ دسمبر لغایت ۳ جنوری ۱۹۳۵ء ہوئی منسلکہ ہذا طبع ہونے کیلئے مرسل ہے
دستخط جناب چیف جج

فہرست پیشی مقدمات اجلاس پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ من ابتدا ۲۹ دسمبر ۱۹۳۴ء لغایت ۳ جنوری ۱۹۳۵ء ہوئی

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۸ دسمبر ۱۹۳۴ء	جمعہ				تعطیل شہادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام
۲۹ ″ ″	شنبہ				بشرح صدر
۳۰ ″ ″	یکشنبہ	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سماۃ حمیدی بیگم بنام مشتاق احمد خاں	ابتدائی دیوانی دعویٰ دین مہر	برائے فیصلہ قطعی ۲ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	″	سرکار بہادر بنام بنے علی وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	بوجہ پیشی گواہان ۱۱ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	″	سرکار بہادر بنام اشرف علی خاں	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۵/۳۶۷ ت	برائے سماعت تجویز ۳۱ دسمبر ۱۹۳۴ء مقرر ہوئی
۳۱ ″	دوشنبہ	″	سماۃ اکبری بیگم بنام محمدی بیگم وغیرہ	درخواست غلطی	۱۶ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	″	فدا حسین بنام نیاز حسین وغیرہ	اپیل دیوانی دعویٰ تخلیہ کوٹھری	برائے ادخال بیہ رشتیات ۹ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	″	سرکار بہادر بنام علی جان خاں	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۹ ت	شہادت پیش کرنے کو ۱۶ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	″	سرکار بہادر بنام بنے علی وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۲۷ ت	برائے سماعت بحث ۳ جنوری ۱۹۳۵ء مقرر ہوئی
″	″	″	سرکار بہادر بنام اشرف علی خاں	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۵/۳۶۷ ت	ملزم بوجہ عدم ثبوت جرائم دفعات ۳۶۵ و ۳۶۶ و ۳۶۷ تعزیرات رامپور بری کیا گیا
یکم جنوری ۱۹۳۵ء	سہ شنبہ				تعطیل
۲ ″	چہار شنبہ	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	علی حسین وغیرہ بنام خوش محمد	اپیل فوجداری جرم دفعہ [illegible]	[illegible]
۳ ″	پنجشنبہ	″	سرکار بہادر ذریعہ مقدم موسیٰ بنام بنے علی وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	زیر پیشی

حکم اجلاس حسب صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ

رخصت

۲۵ دسمبر ۱۹۳۲ء

بذریعہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ موٹرگراج
مع درخواست و نقشہ رخصت رعایتی
تین ماہ مسمی حیدر علیخاں ڈرائیور موٹرگراج
مشاہرہ دار پچیس روپیہ از ۲ نومبر ۱۹۳۲ء
بوجہ بقائے علالت خود مع تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ
جنرل مشعر عدم استحقاق رخصت رعایتی
بوجہ حصول رخصت ۳ ماہ رعایتی تا ۲۱ نومبر
۱۹۳۲ء و استحقاق رخصت بیماری بوضع
نصف تنخواہ بموجب سارٹیفکیٹ ڈاکٹری۔

حکم

حسب رائے صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل مزید رخصت
پنج ماہ ۲۲ نومبر ۱۹۳۲ء سے نصف تنخواہ پر منظور ہے
صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب کنٹرولر ہاؤس ہولڈ

حکم اجلاس حسب صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر

رخصت

۳ دسمبر ۱۹۳۲ء

کاغذات رخصت اشرفی لال کمپونڈر مشاہرہ دار [illegible]
ملاحظہ ہوئے سائل کو بوجہ بیماری رخصت کی ضرورت ہے
اکاؤنٹنٹ آفس سے استحقاق رخصت رعایتی یکماہ سات یوم
کی تصدیق ہوگئی اس رخصت کے منظور کرنے سے خزانہ
پر کوئی بار نہ پڑیگا۔ لہذا اشرفی لال کمپونڈر کی رخصت رعایتی
یکماہ سات یوم ۱۶ نومبر لغایتہ ۲۲ دسمبر ۱۹۳۲ء منظور ہے
بغرض اجراء احکام ضابطہ سررشتہ ہذا کو مرسل ہو۔

(دستخط صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر)

حکم اجلاس ناظم صاحب حلقہ جنوبی

معطلی

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل بدیں خلاصہ کہ عفو ر انخاں ضلعدار حلقہ بہدپورہ و عاشق رضاخاں ضلعدار حلقہ احمد پور شکار پور بحکم ۹ ر دسمبر ۳۴ء و بوجہ کمی وصول معطل کئے گئے عاشق رضاخاں سے احمد حسین خاں امیدوار کو چارج دلائے جانیکے متعلق حکم دیدیا گیا ہے عفو ر انخاں ضلعدار نے معطلی کی خبر پاکر وصول مطالبہ میں کوشش کی اسلئے اوسکی بحالی کا حکم صادر فرمایا جاوے۔

حکم

اس قسم کی سفارشات تحصیلدار صاحب سے کام خراب ہوتا ہے میں نے حکم تبادلہ چارج معطلی حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب دیا تھا اس حکم کی تحصیلدار صاحب نے تعمیل نہیں کی حکم کی تعمیل نہایت ضروری تھی۔ حکم کی نہ تعمیل کرنا بمنزلہ اسکے ہے کہ اوس عہدہ کی توہین کیجاوے۔

کاغذات بذا پاس تحصیلدار صاحب واسطے تعمیل حکم واپس ہوں۔

۲۹ ر دسمبر ۳۴ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل بدیں خلاصہ کہ عفو ر انخان ضلعدار معطل شدہ سے حشمت اللہ کو بتاریخ ۹ ر دسمبر ۳۴ء قبل دو پہر چارج دلا دیا۔ حکم معطلی کا اجرا نہیں ہوا ہے۔ اجرا احکام فرمایا جاوے۔

حکم ثانی

عفو ر انخان کا اجرائے احکام سررشتہ مدد سے حسب ضابطہ کیا جاوے بعد اجراء احکام کاغذات واپس سررشتہ کے جاویں صدر منصرم صاحب ملازمان تعمیل کریں عفو ر انخاں کی معطلی کی زمانہ میں حشمت اللہ خاں کا تقرر منظور ہے۔

۲ ر جنوری ۱۹۳۵ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

حکم دفتر ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر

رخصت

۳۰ ر دسمبر ۱۹۳۴ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ہیڈ اسسٹنٹ محافظ خانہ سیکشن عـلـہ در بارہ صدور حکم منظوری رخصت چار یوم رعایتی از ۱۷ لغایت ۲۰ ر دسمبر ۱۹۳۴ء مشتاق حسین اہلمد محافظ خانہ مشاہرہ وار عـــہ ماہوار مصدقہ جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب۔

حکم

مشتاق حسین اہلمد کی رخصت رعایتی ۴ یوم بو بہ علالت از ۱۷ لغایت ۲۰ ر دسمبر ۱۹۳۴ء منظور کیجاتی ہے۔

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر

نقشہ اجناس ریاست رامپور۔ بابت ہفتہ اول ماہ جنوری ۱۹۳۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۱ ار ۱۲ ار، ۱۲ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	۱۲ ار، ۱۲ ار	۱۳ ار	۱۳ ار، ۱۳ ار	
نخود خالص	۱۵ ار	۱۵ ار	۱۵ ار	۱۴ ار	۱۵ ار	۱۶ ار	
نخود کرتہ آمیز	۱۵ ار، ۱۶ ار	۱۶ ار	۱۵ ار	۱۸ ار	۱۶ ار	۱۶ ار	
کسنہ	۱۶ ار، ۱۶ ار	۱۷ ار	۱۶ ار	۱۹ ار	۱۸ ار	•	
ماش	۹ ار	۸ ار	۸ ار	۸ ار	۸ ار	۹ ار	
مونگ	۱۳ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۱ ار	
مکا	۱۸ ار، ۱۹ ار، ۱۹ ار	۲۱ ار	۱۸ ار	۱۷ ار	۱۹ ار	۲۰ ار	
جئی	۱۷ ار، ۱۸ ار	•	•	•	۲۰ ار	۲۲ ار	
گوجئی	۱۰ ار، ۱۰ ار	•	•	•	۱۵ ار	۲۰ ار	
عدس	۱۳ ار، ۱۳ ار	۱۳ ار	•	۱۴ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	
مٹر	۱۱ ار	۱۳ ار	•	۱۳ ار	•	۱۳ ار	
برنج	۱۱ ار، ۱۱ ار، ۱۳ ار	۱۱ ار، ۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار، ۱۳ ار	۱۱ ار، ۱۳ ار	
روغن زرد	۱۲ چھٹانک	۱۳ چھٹانک	۱۳ چھٹانک	۱ ار	۱۳ چھٹانک	۱۲ چھٹانک	
روغن سیاہ	•	۲ ار	۲ ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار، ۳ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	
نمک سامبر	۹ ار	۹ ار	۹ ار	۹ ار	۱۰ ار	۹ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۷ ار	۶ ار	۷ ار	•	۸ ار	
قند سیاہ	۹ ار، ۱۰ ار	۸ ار	۹ ار	•	۹ ار	۸ ار	
باجرہ	۱۶ ار	۱۸ ار	۱۷ ار	•	۱۶ ار	۱۶ ار، ۱۷ ار	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور